نوٹس: کتابُ الوقف سوالاً جواباً

مؤلف: احمد نواز قادری

سہل انداز میں سوالاً جواباً

مختصر مگر جامع

خوبصورت تزیین کے ساتھ

رابطہ: 03024154930

کتاب الوقف سوالاً جواباً

سوال: کتاب الوقف کی کتاب الشرکت کے ساتھ مناسبت کیا ہے؟

جواب: کتاب الوقف کی شرکت کے ساتھ مناسبت یہ ہے کہ غیر کو اپنے ساتھ اپنے مال میں شریک کرنا لیکن شرکت میں ملکیت باقی ہوتی ہے جبکہ وقف میں زائل ہو جاتی ہے۔

سوال: وقف کا لغوی و اصطلاحی معنی کیا ہے؟

جواب: وقف کا لغوی معنی " الحبس " یعنی روکنا ہے۔ اصطلاحی تعریف امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ ہے کہ: عین کو مالک کی ملکیت پر روکنا اور منفعت کو صدقہ کرنا، صاحبین کے نزدیک یہ ہے: عین کو اللہ تعالیٰ کی ملکیت پر روکنا اور اس کی منفعت کو ان لوگوں کی طرف پھیرنا جنہیں واقف نے پسند کیا۔

سوال: امام اعظم کے نزدیک وقف لازم ہو گا یا نہیں؟

جواب: آپ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وقف لازم نہیں ہوتا کیونکہ آپ کے نزدیک یہ عاریۃ کی طرح ہے جبکہ صاحبین کے نزدیک لازم ہو جاتا ہے۔

نوٹ: جب قاضی نے وقف کا فیصلہ کر دیا، یا وقف مسجد یا قبرستان کا تھا تو ان صورتوں میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بھی لازم ہو جائے گا فتنبہ۔

سوال:وقف کا سبب کیا ہے؟

جواب:وقف کا سبب نفس کی محبوب چیز کا ارادہ کرنا دنیا میں اپنوں کے ساتھ نیکی کرنے کے ساتھ اور آخرت میں ثواب کے ساتھ۔

سوال:وقف کا حکم کیا ہے؟

جواب:بذات خود وقف مباح ہے کیونکہ کافر سے بھی صحیح ہوتا ہے،اگر مسلمان کرے ثواب کی نیت سے تو مستحب ہے،اگر اس میں نذر کا معنی ہو تو پھر واجب ہے۔

سوال:وقف کا محل اور رکن کیا ہے؟

جواب: وقف کا محل مال متقوم ہے اور رکن مخصوص الفاظ ہیں جیسے:"ارضی ھذہ صدقة موقوفة مؤبدة علی المساکین"وغیرہ۔

سوال:وقف کی شرائط کیا ہیں؟

جواب:واقف کا آزاد ہونا،مکلف ہونا،جو چیز وقف کی ہے وہ بذات خود قربت ہو، معلوم ہو، منجز ہو، معلق نہ ہو، مضاف نہ ہو، موقت نہ ہو، خیار شرط کے ساتھ نہ ہو، نہ ہی موقوفہ چیز بیچ کر پیسے خود استعمال کرنے کی شرط لگائی گئی ہو۔

سوال:مرتد کے وقف کا حکم کیا ہے؟

جواب: مرتد نے وقف کیا پھر مر گیا یا قتل کر دیا گیا تو اس کا وقف باطل ہو جائے گا، ایسے ہی مسلمان نے وقف کیا پھر معاذ اللہ مرتد ہو گیا تو اس کا بھی وقف باطل ہو جائے گا۔

سوال: مسلمان ذمی پر وقف کر سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں کر سکتا ہے کیونکہ یہ قربت ہے۔

سوال: موقوفہ چیز سے ملکیت کے زائل ہونے کی کتنی صورتیں ہیں؟

جواب: موقوفہ چیز سے ملکیت کے زائل ہونے کی چار صورتیں ہیں:

❖ مسجد میں اِفراز کے ساتھ۔

❖ قاضی کی قضاء کے ساتھ۔

❖ فوت ہونے کے ساتھ جب معلق اس کے ساتھ کیا ہو جیسے کہا: میرے فوت ہونے کے بعد یہ زمین وقف ہے وغیرہ، یہ وصیت کے حکم میں ہو گا یعنی ثلث میں لازم ہو گا۔

❖ اس قول کے ساتھ کہ: میں نے اپنی زندگی میں اور فوت ہونے کے بعد ہمیشہ کے لئے اس کو وقف کیا۔

سوال: وقف کے تام ہونے کی شرائط کیا ہیں؟

جواب: درج ذیل ہیں:

☆ قبضہ کرنا۔

☆ افراز یعنی واقف کی ملکیت سے جدا ہونا۔

☆ اس کے آخر کو قربت کی ایسی جہت بنانا جو منقطع نہ ہو۔

نوٹ: یہ شرائط امام محمد کے نزدیک ہیں کیونکہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں یہ صدقہ کی طرح ہے جبکہ امام ابو یوسف کے نزدیک اعتاق کی طرح ہے۔

سوال: جب وقف تام ہو جائے تو کسی کو اس کا مالک بنا سکتے ہیں؟

جواب: جب وقف تام ہو جائے تو کوئی اس کا مالک نہیں بن سکتا اور نہ ہی کسی دوسرے کو مالک بنا سکتا ہے اور اس کو گروی اور رہن بھی نہیں رکھ سکتے۔

سوال: موقوفہ چیز کو موقوف علیہم (یعنی پر وقف کیا ہے) کے درمیان تقسیم کر سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب: موقوفہ چیز کو موقوف علیہم کے درمیان تقسیم نہیں کیا جائے گا کیونکہ ان کا حق نفع میں ہے نہ کہ عین میں، ہاں واقف اور اس کے شریک کے درمیان، واقف اور متولی کے درمیان، واقف اور قاضی کے درمیان تقسیم ہو گا۔

سوال: مسجد اور جناز گاہ، عید گاہ سے وقف کی صورت میں کب ملکیت زائل ہو گی؟

جواب: امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک قولاً جیسے: میں نے اس کو مسجد بنایا اور فعلاً جیسے: نماز پڑھنے کے ساتھ دونوں طرح ملکیت زائل ہو جائے گی جبکہ طرفَین کے نزدیک نماز پڑھنا شرط ہے۔

سوال: اہل محلہ مسجد شہید کر کے پہلے سے مضبوط بنانا چاہتے ہوں تو کیا انہیں اس کی اجازت ہو گی؟

جواب: اگر بانی مسجد اہل محلہ میں سے ہو تو انہیں اجازت ہو گی وگرنہ نہیں۔

سوال: مسجد کے مصالح کے لئے مسجد کے اوپر نیچے کوئی چیز بنا سکتے ہیں جیسے: سرداب، امام کے لئے گھر وغیرہ؟

جواب: مسجد قرار دینے سے پہلے پہلے کوئی چیز مسجد کے مصالح کے لئے بنا سکتے ہیں بعد میں نہیں۔

سوال: مسجد کا ارد گرد ویران ہو گیا کسی وجہ سے تو کیا مسجد پھر بھی باقی رہے گی؟

جواب: شیخین کے نزدیک وہ تا قیامت مسجد ہی رہے گی اور امام محمد کے نزدیک مالک کی طرف لوٹ آئے گی جبکہ امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ سے ایک یہ بھی روایت ہے کہ ایسی صورت میں اس مسجد کا سامان قاضی کی اجازت سے دوسری مسجد کی طرف منتقل کر دیں گے اور اسی پر فتویٰ ہے۔

سوال: جب واقف اور وقف کی جہت ایک ہی ہو تو غلہ کم ہونے کی صورت میں ایک جہت کا دوسری کی طرف پھیر سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں پھیر سکتے ہیں، ہاں اگر واقف الگ الگ ہوں یا جہت مختلف ہو تو پھر نہیں پھیر سکتے۔

سوال: منقولی اشیاء کا وقف کب درست ہے؟

جواب: اصل میں وقف غیر منقولی اشیاء کا ہوتا ہے جیسے زمین، منقولی چیزوں کا وقف دو صورتوں میں درست ہے:

- غیر منقولی چیز کے تابع ہو کر جیسے: گھر زمین کے تابع ہو کر۔
- وہ منقولی چیز جس کے وقف میں تعامل ہو جائے جیسے: جنازہ کی چارپائی، اس کے اوپر ڈالا جانے والا کپڑا، قرآن مجید، کتابیں وغیرہ۔

سوال: غلہ کی ابتدا سب سے پہلے کہاں سے کریں گے؟

جواب:سب سے پہلے غلہ وقف کی عمارت پر خرچ ہو گا، پھر امام مسجد، مؤذن، خطیب اور مسجد کی دیگر اشیاء پر۔

سوال: مدرس، امام مسجد اگر چھٹی کرے تو کیا اسے اس دن کا اجارہ ملے گا؟

جواب: جن چھٹیوں کا عرف ہو ان کا اجارہ لے گا اور جو عرف سے ہٹ کر کرے ان کا نہیں۔

سوال: موقوفہ چیز اگر گھر ہو تو اس کی تعمیر کاری کس کے ذمے ہے؟

جواب: جو اس گھر میں رہائش پذیر ہو اسی کے ذمہ اپنے مال سے اس کی تعمیر کاری ہے اگرچہ زیادہ افراد ہوں اور اگر یہ تعمیر نہ کروائیں تو پھر قاضی گھر کو اجارہ پر دے گا اور ان پیسوں سے تعمیر کروائے گا، تعمیر کے بعد مستحقین کو گھر واپس کر دے گا۔

سوال: وقف کی پرانی عمارت کے سامان کا کیا کیا جائے گا؟

جواب: اگر تو اسے نئی عمارت پر لگایا جا سکتا ہو تو اس پر لگایا جائے گا اور اگر نئی عمارت پر نہیں لگایا جا سکتا ہے تو پھر اگر ضائع ہونے کا خوف نہ ہو تو متولی رکھ لے گا وگرنہ بیچ کر پیسے رکھے گا۔

سوال: بانی راستہ کے کچھ حصہ کو مسجد بنا سکتا ہے؟

جواب: مسجد کی جگہ کم ہو اور راستہ کشادہ ہو تو بانی اس کا کچھ حصہ مسجد میں تبدیل کر سکتا ہے کہ یہ دونوں چیزیں مسلمانوں کے لئے ہیں، ایسے ہی مسجد کی جگہ تنگ ہو اور اس کے ارد گرد دکانیں یا گھر ہوں تو انہیں زبردستی خرید کر مسجد میں توسیع کی جائے گی۔

سوال: واقف خود متولی بن سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں واقف اپنے لئے ولایت کی شرط لگا سکتا ہے اور یہ اجماعاً درست ہے، ایسے ہی کسی کے لئے ولایت کی شرط نہ لگائی تو پھر بھی متولی خود ہو گا پھر اس کا وصی اگر نہ ہو تو حاکم متولی ہو گا، اگر واقف خائن ہو یا وقف اس سے امن میں نہ ہو یا اس کا فسق ظاہر ہو گیا تو ان تمام صورتوں میں ولایت اس سے لے لی جائے گی۔

سوال: کیا واقف استبدال کی شرط لگا سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں لگا سکتا ہے کہ وہ کہے جب میں چاہوں گا یہ زمین بیچ کر اس کے پیسوں سے نئی خرید دوں گا، جب اس نے استبدال کر لیا تو یہ نئی زمین پہلے والی شرائط پر ہی وقف گی پھر اس کے بعد استبدال کی اجازت نہیں ہو گی۔

سوال: شرط کے بغیر کون استبدال کر سکتا ہے؟

جواب: قاضی لیکن اس کے لئے بھی کچھ شرائط ہیں:

- اس موقوفہ چیز سے انتفاع بالکلیہ ممتنع ہو۔
- بدل زمین ہو۔
- تبدیل کرنے والا قاضی جنت یعنی صاحب علم و عمل ہو۔

سوال: آباد وقف کا استبدال کتنی صورتوں میں درست ہے؟

جواب: چار صورتوں میں درست ہے۔

سوال: شاملاٹ کی زمینوں کا وقف کب درست ہے؟

جواب:شاملات کی زمینوں کا وقف درست نہیں مگر درج ذیل صورتوں میں درست ہے:

- زمین مردہ ہو۔
- یا حاکم کی ملکیت ہو۔
- یا مصلحت عامہ یعنی تمام لوگوں کے فائدہ کے لئے وقف کی۔

سوال:مرضِ موت میں کئے جانے والے وقف کا کیا حکم ہے؟

جواب: یہ مرض موت میں کئے جانے والے ہبہ کے حکم میں ہے یعنی قبضہ کے ساتھ ثلث میں لازم ہو گا مگر یہ کہ ورثاء ثلث سے زیادہ میں جائز قرار دیں تو زیادہ میں بھی درست ہو گا۔

سوال:وقف کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب:وقف کی تین اقسام ہیں:

- فقراء کے لئے۔
- پہلے اغنیاء پھر فقراء کے لئے۔
- جس میں دونوں برابر ہوں جیسے: قبرستان، نہریں، پُل، مسافر خانے وغیرہ۔

فصل فی شرائط اجارة الوقف

سوال:متولی وقف کی زمین کو کتنی مدت کے لئے اجارہ پر دے سکتا ہے؟

جواب: اگر تو واقف نے کسی مدت کو بیان کیا تھا پھر اسی مدت تک اجارہ پر دے گا، اس میں کمی بیشی قاضی کی اجازت کے بغیر نہیں کر سکتا اور اگر واقف نے کوئی مدت نہیں بیان کی تھی تو پھر گھروں کو ایک سال کے لئے دے گا اور زمین کو تین سال کے لئے جب تک مصلحت کے اس کے خلاف نہ ہو، اور اجرت مثل پر اجارہ کرے گا کم میں نہیں دے سکتا۔

سوال: عقد کرنے کے بعد زمین کا اجارہ کم ہو گیا تو کیا اس عقد کو ختم کر سکتا ہے؟

جواب: نہیں، ہاں اگر اجارہ بڑھ گیا تو پھر نیا عقد کرے گا اگر واقعتاً بڑھا ہو کسی کی شرارت سے نہیں۔

سوال: کتنی چیزوں کے منافع کا بھی ضمان لیا جائے گا؟

جواب: تین چیزیں ہیں:

- ✓ وقف کے منافع کا۔
- ✓ یتیم کے مال کے منافع کا۔
- ✓ جو چیز رکھی ہی کرایہ پر دینے کے لئے ہو۔

سوال: کتنے مقامات پر شہادت بغیر دعویٰ کے بھی معتبر ہے؟

جواب: 14 مقامات ہیں، ان میں سے ایک کسی چیز کے وقف ہونے کے گواہی، ایسے ہی وقف میں شہادت علی الشہادت، شہادۃ النساء مع الرجال، شہادۃ بالشہرۃ بھی ثبوت وقف کے لئے معتبر ہے، لیکن یہ تمام استحقاق کے ثبوت کے لئے معتبر نہیں فتنبہ۔

سوال: امام یا مؤذن اپنا وظیفہ وصول کرنے سے پہلے فوت ہو گئے تو کیا ان کو ورثاء کو وہ ملے گا؟

جواب: اس میں اختلاف ہے، ایک قول یہ ہے کہ نہیں ملے گا کیونکہ یہ صلہ کی طرح ہے جبکہ ایک قول یہ ہے کہ ملے گا کیونکہ یہ اجرت کی طرح ہے، فی زمانہ اسی پر فتویٰ ہے۔

سوال: متولی اپنی حیات میں کسی کو آگے متولی بنا سکتا ہے؟

جواب: مسئلہ ہذا میں درج ذیل صورتیں ہیں:

☆ اگر تو واقف کی طرف سے اسے اجازت ہے پھر کسی کو بنا سکتا ہے۔

☆ اجازت خاص ہے تو پھر اسی شخص کو بنائے گا جس کے بارے میں اجازت ہے۔

☆ اور اگر اجازت عام ہے تو پھر کسی کو بھی بنا سکتا ہے۔

☆ ایک مرتبہ کسی کو متولی بنا کر معزول نہیں کر سکتا۔

☆ ہاں اجازت ہو تو معزول بھی کر سکتا ہے۔

☆ اور اگر واقف کی طرف سے اس کو اجازت نہیں تو پھر حالت صحت میں نہیں بنا سکتا۔

☆ حالت مرض میں بنا سکتا ہے۔

☆ حالت مرض میں بنائے گئے متولی کو معزول بھی کر سکتا ہے۔

سوال: کسی نے گھر بیچا پھر کہتا ہے میں نے تو اس کو وقف کر دیا تھا، یا کہتا ہے یہ مجھ پر وقف ہے تو کیا اس کا دعویٰ سنا جائے گا؟

جواب: اس شخص کا دعویٰ نہیں سنا جائے گا لیکن اگر بینہ کا قائم کر دے تو پھر سن لیا جائے گا اور بیع باطل ہو جائے گی۔

سوال: امام، مؤذن مقرر کرنے کا زیادہ حق کس کو ہے؟

جواب: بانی مسجد کو ہے مگر یہ کہ لوگوں نے اس سے زیادہ اصلح کو مقرر کر دیا تو اب وہی ہو گا۔

سوال: کسی نے وقف شدہ گھر خریدا جس میں پھل دار درخت ہیں تو کیا وہ ان کا پھل کھا سکتا ہے؟

جواب: اگر اسے واقف کی شرط کا علم نہ ہو تو پھر نہیں کھا سکتا یعنی اس نے سب کے لئے لگائے تھے یا وقف کے لئے اور اگر وقف کے لئے لگائے ہوں تو پھر بھی نہیں کھا سکتا، اور اگر سب لوگوں کے کھانے کے لئے لگائے ہوں تو کھا سکتا ہے۔

سوال: قاضی وقف میں کوئی نیا وظیفہ مقرر کر سکتا ہے؟

جواب: نہیں۔

سوال: کیا وقف کے لئے قرض لینا درست ہے؟

جواب: جائز نہیں اِلا یہ کہ وقف کو ضرورت ہو جیسے: وقف کی عمارت کی تعمیر کاری کے لئے یا بیج خریدنے کے لئے لیکن اس میں بھی دو شرائط ہیں:

1. قاضی کی اجازت سے ہو۔
2. آسانی سے عین کو اجارہ پر دینا ممکن نہ ہو۔

سوال: کچھ جملوں کے بعد ذکر شدہ وصف تمام کی طرف لوٹے گا یا فقط اخیر کی طرف؟

جواب: ہمارے نزدیک "و" کی صورت میں فقط اخیر کی طرف لوٹے گا جبکہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تمام کی طرف لوٹے گا اور "ثم" کی صورت میں بالاتفاق اخیر کی طرف لوٹے گا۔

سوال: کیا ہر سال حساب وکتاب لازم ہے؟

جواب: ہر سال حساب لازم نہیں اور جب قاضی حساب لے گا تو اجمالی طور پر لے گا اگر متولی امانت میں مشہور ہو اور اگر متہم ہو تو پوری تفصیل سے حساب لے گا۔

سوال: کسی نے اصحاب حدیث پر وقف کیا تو اس میں شافعی حضرات داخل ہوں گے یا نہیں؟

جواب: جب تک وہ طلبِ حدیث میں نہ ہوں تو داخل نہیں ہوں گے اور احناف داخل ہوں گے اگرچہ طلبِ حدیث میں مشغول نہ ہوں کیونکہ احناف حدیث مرسل پر عمل کرتے ہیں اور خبر واحد کو قیاس پر مقدم کرتے ہیں۔

تمت بالخیر

حررہ، وزینہ: العبدالفقیر احمدنواز قادری

بروز منگل:10-09-2024